روزنامہ "سماج" گوجرانوالہ

تاریخ 11 FEB 2022

عوامی شکایات، وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے چیئرمین ای او بی آئی، سیکرٹری بیرون ملک پاکستانیز کو طلب کر لیا

1976 کے ای او بی آئی ایکٹ کے تحت تمام کارکنان کی رجسٹریشن یقینی بنائی جائے، ریٹائرڈ ورکرز کو فوری پنشن ادا کریں، ورکرز کی رجسٹریشن نہ کرانے والے آجروں کیخلاف بھی کاروائی کی جائے، وفاقی محتسب

گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے ازخود نوٹس لیتے ہوئے چیئرمین ای او بی آئی اور بیرون ملک پاکستانیز ڈویژن کے سیکرٹری کو اپنے دفتر طلب کر کے 1976ء (بقیہ نمبر 7)

بقیہ نمبر | روزنامہ سماج | 7

کے ایکٹ کے تحت تمام آجرین کے لئے کارکنان کو رجسٹر کرنے کے لئے لائحہ عمل بنانے کا حکم دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے مزدوروں اور کارکنوں کی طرف سے بڑی تعداد میں موصول ہونے والی شکایات پر ازخود نوٹس لیتے ہوئے گزشتہ روز چیئرمین EOBI اور بیرون ملک پاکستانیز ڈویژن کے سیکرٹری کو اپنے دفتر طلب کر کے ہدایت کی کہ وہ 1976ء کے EOBI ایکٹ کے تحت تمام کارکنان کی رجسٹریشن کو یقینی بنانے کے لئے لائحہ عمل تشکیل دیں اور ریٹائرڈ ورکرز کو فوری طور پر پنشن ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ آٹھ ہزار روپے ماہانہ پنشن کے لئے ان غریبوں کو در در کے دھکے کھانے پڑتے ہیں اور کوئی ان کا پرسان حال نہیں ہوتا۔ وفاقی محتسب نے چیئرمین ای او بی آئی کو ہدایت کی کہ ایسی مربوط حکمت عملی تیار کریں کہ کوئی ورکر رجسٹریشن سے محروم نہ رہے۔